Danalogic Actio کے لیے پتلی ٹیوبز کی صفائی اور تبدیلی کرنا

صفائی کرنا

سب سے پہلے، پتلی ٹیوب اور گنبد نما پلگ کو گیلے کپڑے کی مدد سے صاف کریں۔ اگر پتلی ٹیوب ویکس یا دیگر گند کی وجہ سے بند ہو گئی ہے، تو اسے آلہ سماعت سے احتیاط سے کھینچ کر ایسے الگ کریں کہ پوری ٹیوب آلہ سماعت سے الگ ہو جائے۔

1. اس کے بعد، گنبد نما پلگ کو ٹیوب کے آخری سرے سے کھینچ کر الگ کر دیں۔



2. اب، پتلی ٹیوب کا اوپری سرا جو آلہ سماعت سے منسلک ہوتا ہے وہاں تک صفائی والی تار دھکیلیں۔ صفائی والی تار کو ٹیوب میں مکمل طرح ہلا جلا کر پروئیں تاکہ اس میں موجود کوئی بھی گرد و غبار مکمل طرح نکل جائے۔



3. اب، گنبد نما پلگ کو دوبارہ پتلی ٹیوب کے ساتھ دھکیل کر لگائیں۔



Danalogic Actio کے لیے پتلی ٹیوبز کی صفائی اور تبدیلی کرنا
(گزشتہ سے پیوستہ)



4. گنبد نما پلگ کو احتیاط سے نچلے حصے سے کھینچ کر دیکھیں کہ آیا کہ محفوظ طریقے سے فٹ ہے، اور اس بات کی تصدیق کریں کہ پلگ کالر پتلی ٹیوب کے اخری کٹے ہوئے حصے پر ٹھیک طرح سے پورا آ گیا ہے۔



5. آخر کار، پتلی ٹیوب کو دوبارہ آلہ سماعت کے ساتھ جوڑیں جب تک وہ مضبوطی سے فٹ نہ ہو جائے۔

تبدیلی کرنا

اگر آپ پتلی ٹیوب تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اس کو آلہ سماعت سے بالکل الگ کر دیں اور ایک نئی ٹیوب لگائیں، یقینی بنائیں کہ ٹھیک طرح سے لگا دی گئی ہے۔ اوپر دی گئی ہدایات کی پیروی کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کا نیا گنبد نما پلگ درست طریقے سے پتلی ٹیوب پر پورا آ گیا ہے۔

مزید معاونت کے لیے، QR کوڈ اسکین کریں یا درج ذیل ویب سائٹ پر ہمارا معاونتی پورٹل برائے مریض ملاحظہ کریں: **danalogic.co.uk/patient-portal**

danalogic GN

NHS کے لئے درست انتخاب

UK 09.41 A 9.2022